**02/06/2026**

**07.40 / PM**

## ہیڈ لائنز

*........ صدر جمہوریہ نے سماج کے سبھی طبقوں کو با اختیار بنانے میں تعلیم کی اہمیت کو کیا اُجاگر۔

*........ وزیر اعلیٰ نے ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے نیز لوگوں کی راحت رسانی کا دہرایا عزم۔

*........ پی ڈی پی صدر کاوزیر اعلیٰ، حزب اختلاف کے لیڈر اور پردیش کانگریس کے صدر کے نام مکتوب// پارٹی لائنوں سے بالا تر ہوکر جمونوکشمیر کو درپیش چلینجوں کو حل کرانے کےلئے دی متحد ہونے کی دعوت۔

*........ جمونو کشمیر سے تعلق رکھنے والا حجاج کرام کا پہلا قافلہ سرینگر وارد۔

## صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ تعلیم عوام کے مختلف طبقوں کو با اختیار بنانے کاایک اہم ذریعہ ہے کیونکہ تعلیم کے ذریعے سے ہی افراد خود انحصار اور بیدار ہونے کے ساتھ ساتھ صلاحیت ساز بھی بن جا تے ہیں۔

نئی دلی میں آج سکالرشپ سکیم کے قبائلی مستفیدین سے خطاب کر تے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ صحیح ترقی کا مقصد تب ہی حاصل کیا جا سکتا ہے جب سماج کے سبھی طبقے سماجی، اقتصادی اور تعلیمی اعتبار سے ترقی کریں۔

انہوننے کہا کہ سرکار کی طرف سے شروع کی گئی سکالر شپ سکیموں کی بدولت قبائلی طبقے کے معیار حیات میں مثبت تبدیلی آئی ہے۔

## CMملاقات

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے نیز لوگوں کی راحت رسانی کےلئے وعدہ بند ہے۔ وہ اُن سے ملنے آئے کئی اہم شخصیات اور وفود کے ساتھ ملاقات کے وقت اپنے خیالات کا اظہار کر رہے تھے۔ ملاقات کرنے والوں میں ریاسی حلقے کے MLAکلدیپ راج دھوبے بھی شامل ہیں، جنہوننے اپنے حلقے کے ترقیاتی معاملات اور لوگوں کے مسائل وزیر اعلیٰ کی نوٹس میں لائے۔ وزیر اعلیٰ نے انہیں یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے تمام معاملات ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔

دریں اثناءپروفیشنل گالف ٹور آف انڈیا کا ایک وفد بھی اسکے چیف بزنس آفیسر وِکاس سنگھ کی قیادت میں وزیر اعلیٰ سے ملاقی ہوا۔ وفد نے و زیر اعلیٰ کو خطے میں گالفنگ کو فروغ دینے سے متعلق امور کے بارے میں جانکاری دی۔

## گالفCM

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رائل سپرینگس گالف کورس کی 9ویں گورننگ باڈی میٹنگ کی صدارت کی۔ اس موقعے پر انہوننے گالف کھیل کو فروغ دینے کی ضرورت اُجاگر کی تاکہ اسکی طرف زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو راغب کرایا جا سکے۔

عمر عبداللہ نے گالف کورس میں بہتر سے بہتر سہولیات کی فراہمی پر بھی زور دیا تاکہ زیادہ سے زیادہ سیاحوں اور بڑے کاروباریوں کو یہاں کی طرف متوجہ کیا جا سکے۔

## جا وید رانا

جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جا وید احمد رانا نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ تعمیراتی پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل اور عوامی خدمات کی با اثر ڈیلوری یقینی بنائیں۔

وہ آج کپواڑہ ضلعے کے حلقہ ترہگام میں ترقیاتی معاملات کا جائزہ لے رہے تھے جہاں مقامی میر سیف اللہ بھی موجود تھے۔

## محبوبہ

پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے نام ایک مکتوب میں کہا ہے کہ جمونو کشمیر اس وقت تاریخ کے ایک نازک مرحلے سے گذر رہا ہے اور وقت کی ضرورت ہے کہ جمونو کشمیر کے سبھی لیڈر پارٹی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر اتفاق رائے پیداکر کے جمونو کشمیر کو درپیش چلینجونسے نمٹنے کےلئے سنجیدگی کے ساتھ متحد ہو کر یہ معاملہ مرکزی سرکار کے ساتھ اٹھائیں۔

انہوننے کہا کہ اگر لداخ کے لیڈر یوٹی کے مسائل کو اُجاگر کر کے مرکزی سرکار سے حل کروا سکتے ہیں تو جمونو کشمیر کے لیڈرایسا کیوں نہیں کر سکتے ہیں۔ محبوبہ مفتی نے اسی طرح کے مکتوب قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما اور پردیش کانگریس کے صدر طارق حمید قرہ کے نام بھی لکھے ہیں۔ سابق وزیر اعلیٰ نے ان مکتوب میں ان لیڈروں سے کہا ہے کہ وہ جمونو کشمیر کے معاملات کو لے کر یک سوئی پیدا کرکے انہیں صحیح تناظر میں مرکز سرکار کے ساتھ اٹھائیں تاکہ لوگوں کی توقعات کے عین مطابق ان معاملات کے حوالے سے بر وقت پیش رفت حاصل کی جا سکے۔

## حج واپسی

جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے حجاج کرام کی سعودی عرب سے واپسی کا سلسلہ آج سے شروع ہوا اور آج 144 حجاج پر مشتملپہلا قافلہ ایک پرواز کے ذریعے سے سرینگر ہوائی اڈے پر پہنچا جہانوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور ان کے مشیرناصر اسلم وانی نے حجاج کرام کا استقبال کیا۔ وزیر اعلیٰ نے حجاج کے ساتھ بات کر تے ہوئے سفر حج کے دوران ان کے تجربات کے

بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوننے حجاج کی واپسی کےلئے کئے گئے بہتر انتظامات پر سبھی متعلقہ محکموں کی سراہنا کی۔

ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر CEO جموں کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کے کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ کل بھی ایک پرواز کے ذریعے سے 145 حجاج سرینگر پہنچ رہے ہیں۔

انتظامیہ نے حجاج کی واپسی کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کئے ہیں۔ واضع رہے کہ حج کمیٹی کے ذریعے سے اس سال 4ہزار641 حجاج نے فریضہ حج ادا کیا۔

حجاج کرام کی واپسی کا یہ سلسلہ 16جون تک جا ری رہے گا۔

<u>چیف سیکریٹری</u>

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگر میں آج قومی آیوش مشن کے تحت جے اینڈ کے آیوش سو سائٹی کی گورننگ باڈی کی ایک میٹنگ کے دوران مشن کے سالانہ منصوبہ کا جائزہ لے کر ا سے منظور کیا ۔

چیف سیکریٹری نے جمونو کشمیر کو ملک کا ایک بہترین ویلنس ٹور ازم مقام دلانے کےلئے ہر طرح کے اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

<u>ستیش وِمل</u>

جے اینڈ کے اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کے اہتمام سے آج آکاشوانی سرینگر کے آڈیٹوریم میں معروف قلمکار، براڈ کاسٹر،شاعر اور محقق ڈاکٹر ستیش وِمل کے ساتھ ملاقات کی ایک نشست منعقد ہوئی۔ نشست کی صدارت پدم شری ایوارڈ یافتہ قلمکار اور ادیب پروفیسر شفیع شوق نے کی جبکہ اس موقعے پرآ کاشوانی سرینگر کے سربراہ گُر بندر سنگھ مہمان ِ خصوصی تھے۔ ایوان صدارت میں جموں وکشمیر وقف بورڈ کے ممبر ڈاکٹر غلام نبی حلیم، کلچرل اکیڈیمی کے ایڈیشنل سیکریٹری عدیل سلیم اور شعبہ انگریزی کے ایڈیٹر ڈاکٹر عابد احمد بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر حلیم نے ستیش وِمل کی ذاتی اور ادبی زندگی پر ایک جامع مقالہ پیش کیا۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا ۔

پروگرام میںادب نوازوں کے علاوہ زندگی کے مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

پروگرام کے دوران ڈاکٹر ستیش وِمل کا کلام وادی کے ایک معروف گلوکار اُستاد منیر احمد میر نے پیش کیاجبکہ قلمکار موصوف سے سوال و جواب کا ایک دلچسپ سیشن بھی ہوا۔ یہ ہیں خود ڈاکٹر ستیش وِمل کے تاثرات۔

اکیڈیمی کی جانب سے قلمکار موصوف کو حوصلہ افزائی کے طور پر توصیفی سند اور شال پیش کیا گیا جبکہ آکاشوانی شعبہ خبر کی طرف سے بھی ڈاکٹر وِمل کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

**ایمبولینس**

ایمبولینس گاڑی کو طبی نگہداشت کے شعبے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔ وقت کی ضرورت ہے کہ جمونوکشمیر میں ایمبولینس کاریڈور قائم کئے جائیں نیز ایمبولینس گاڑیوں کو ہر طرح کی جدید طبی سہولیات سے لیس کیا جائے۔

اس تعلق سے کینسر سو سائٹی آف کشمیر سرینگر کے میڈیکل سپرانڈنٹ اور سینئر کنسلٹنٹ ڈاکٹر پروفیسر نذیر احمد خان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

**بریک**

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔ خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں - Radiokashmir@gmail.com

**نشہ**

جموں کشمیر کو نشہ کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے جموں کشمیر نشہ مکت ابھیان کے تحت منشیات مخالف سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیں۔ ایک طرف منشیات سے متعلق بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے اور دوسری طرف ڈرگ سمگلروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے بھی کاروائیاں جاری ہیں۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ذاتی طور پر منشیات مخالف کاروائیوں پر نظر رکھے ہوئے ہے اور وہ جموں کشمیر کواس بدعت سے چھٹکارا دلانے کیلئے پر عزم ہیں۔

ابھیان کی شروعات کے موقعے پر انہوں نے منشیات کے خلاف ایک واضع پیغام میں کہا۔

سماجی سطح پر منشیات کے خلاف درکار اقدامات کے بارے میں وادی کے ایک گلوکار اعجاز احمد خان نے آکاشوانی نیوز سرینگر نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**پد یاترا گاندربل**

اس دوران رواں مہینے کی پانچ تاریخ کو گاندربل میں منشیات مخالف پد یاترا کا اہتمام ہے۔
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں نکالی جانے والی اس پد یاترا میں سول سوسائٹی ممبران ، تاجروں ، مذہبی سکالروں اور عام شہریوں کے علاوہ زندگی کے دیگر طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت متوقع ہے۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے پد یاترا کیلئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ریلی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور منشیات کے خلاف اپنا ردِ عمل ظاہر کریں۔

**پولیس**

پولیس کی طرف سے آج گاندربل ضلعے میں دو منشیات فروشوں کوگرفتار کیا گیا جبکہ اومپورہ بڈگام میں NDPS ایکٹ کے تحت قریب20لاکھ روپے مالیت کا ایک مکان قرق کیا گیا۔

نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت پلوامہ ضلعے کے کچھ علاقوں میں وادی کے متعدد علاقوں میں آج غیر قانونی طور سے کاشت کی گئی خشخاش کی فصل اور بھنگ کو تباہ کیا گیا۔

اننت ناگ ضلعے میں پولیس کی طرف سے منشیات مخالف جانکاری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ اس دوران معدنیات کی غیر قانونی نکاسی میں استعمال ہونے والی 15 گاڑیوں کو سیز کیا گیا ہے۔

**تنویر صادق**

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے کہا ہے کہ این سی عوامی مفادات پر کبھی کوئی سمجھوتہ نہیں کر سکتی۔ سرینگر کے باچھی دروازہ مخدوم صاحب میں پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں کے اجلاس کے دوران انہوننے کہا کہ نیشنل کانفرنس ایک عوامی جماعت ہے ، جو ہر سطح پر لوگوں کے مسائل حل کرنے اور انکی فلاح و بہبود کےلئے کام کر رہی ہے۔

**بھاجپا نامہ**

پردیش بی جے پی کے صدر راجیہ سبھا کے ممبر ست شرما نے جموں میں آج تنظیمی نوعیت کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوننے کہا کہ بی جے پی مودی سرکار کے12سالہ اعتماد ، ترقی اور عوامی بہبودی کو اُجاگر کرے گی۔

پارٹی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے چرچ لین سرینگر میں آج پنڈت دین دیال اُپادیائے پرشِکشن مہا ابھیان کے تحت ضلع سطح کے ایک تربیتی کیمپ کی صدارت کی۔

پارٹی کے کسان مورچہ کی طرف سے مودی سرکار کے12سال کے موضوع پر ایک سمینار منعقد کیا گیا۔ اس موقعے پر پارٹی کے جنرل سیکریٹری بلدیو سنگھ بلا واریہ نے کہا کہ مودی سرکار کے کسان دوست اقدامات سے کاشت کاروں کے آمدنی میں اضافہ ہوا ہے۔

پارٹی کی سٹیٹ جنرل سیکریٹری سنجیتا ڈوگرہ نے کچی چھاونی جموں میں خواتین کے مسائل کی سماعت کا ایک پروگرام منعقد کیا، جس میں مقامی خواتین کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

**<u>شاہین</u>**

**جنتا دل یونائیٹڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک کے مختلف حصوں میں جمونوکشمیر سے تعلق رکھنے والے قیدیوں کے معاملات کا جائزہ لیں۔**

**ایک بیان میں انہوننے معصوم افراد کی رہائی یقینی بنانے کی اپیل کی ہے۔**

**<u>عرس</u>**

**وادی میں آج بلند مرتبت ولی کامل حضرت سید حمید شاہ بغدادیؒ کا عرس عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔**

**نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے ضلع انتظامیہ سرینگر سے اپیل کی ہے کہ خلیفہ سوم سیدنا حضرت عثمان غنیؓ کے یوم شہادت کے سلسلے میں4جون کو در گاہ حضرت بل میں عقیدت مندوں کےلئے مناسب انتظامات کئے جائیں۔**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے 7اور8جون کو منائے جانے والے حضرت میاں نظام الدین لارویؒ کے عرس کے سلسلے میں زائرین کی سہولت کےلئے مناسب اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔**

**<u>سال12</u>**

**حکومت کے 12 برس مکمل ہوئے ہیں۔ مرکزی سرکار نے اس دوران وزیر اعظم NDA مرکز میں نریندر مودی کی قیادت میں عام لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے متعدد سکیمیں شروع کینجن میں آیوشمان بھارت یوجنا بھی شامل ہے ۔**

**پورے ملک میں بڑے پیمانے پر لوگ اس سکیم سے استفادہ کر کے طبی نگہداشت کی معیاری سہولیات حاصل کر رہے ہیں۔ اس بارے میں ایک شہری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔**

**<u>TET</u>**

**کے تعلق Teachers Eligiblity Test جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے اساتذہ برادری میں سے کافی تشویش پائی جا رہی ہیں۔ جموں کشمیر ٹیچرس فورم نے کہا ہے کہ اس مرحلے پر منعقد کرنے سے اساتذہ کے مفادات کو زک پہنچ سکتی ہے۔ TET**

**اس معاملے کو لے کر جموں کشمیر ٹیچرس فورم کے چئیرمین شوکت علی بیگ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔**

**اس معاملے پر سٹیٹ ایوارڈ یافتہ ایک سینئر استاد جاوید جواد نے کہا ۔**

**حلف**

بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس سوریہ کانت نے آج سپریم کورٹ کے5نئے جج صاحبان کو عہدے کا حلف دلایا۔ ان جج صاحبان میں جموں وکشمیر اور لداخ کے چیف جسٹس، جسٹس ارون پلی کے علاوہ جسٹس Sheel Nagu، جسٹس Shree Chandershekhar ، جسٹس سنجیو سچدیوا، V Mohana، جسٹس اور سینئر ایڈوکیٹ شامل ہیں۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کے مطابقجموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پرگرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت30 اعشاریہ7ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19اعشاریہ2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 اعشاریہ7ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 27 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 20 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر38منٹ پر ہو گا۔